# تعلقات عامہ دفتر

## جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی

June 03, 2021

### پریس ریلیز

**جامعہ میں ہند۔امریکہ ویبی نار اور Advanced Functional Materials for Renewable Energy Application کے موضوع پر لیکچر سریز کا انعقاد**

شعبۂ کیمیا، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے وزرات تعلیم ،حکومت ہند کی اسکیم SPARC کے تحت نو روزہ ہند۔امریکہ ویبی نار (جون ا تا ۲ ،۲۰۲۱ء) اور Advanced Functional Materials for Renewable Energy Application

کے موضوع پر لیکچر سریز (۳ تا ۹ ،۲۰۲۱ء) کا انعقاد کیا ہے۔اس کا مقصد ہائیڈروجن/ گرین / قابل تجدید توانائی اور ماحولیاتی تدبیر سے متعلق اہم مسائل کو حل کرنے کے لیے ایڈوانسڈ فکشنل نینومٹیریل کے استعمال کو بتانا تھا۔

پروفیسر نجمہ اختر، شیخ الجامعہ نے ویبی نار کے افتتاح کیا اور اس کی صدارت بھی فرمائی۔ ویبی نار میں ممتاز سائنس دانوں کی چھوٹی کہکشاں موجود تھی۔

شیخ الجامعہ نے ویبی نار میں ممتاز مقررین کو اس موقع پر ساتھ لانے کے لیے شعبہ کیمیا کی تعریف کی۔انھوں نے معیاری رسرچ اور بہتر علمی نتائج کے لیے فیکلٹی اراکین کی مساعی کی بھی ستائش کی۔

محترم اور مشہور سائنس داں پروفیسر ڈی۔ڈی۔شرما آئی آئی ایس سی بنگلور نے سائنسی خطبہ ارشاد فرمایا۔انھوں نے ڈیزائن اور ایڈوانسڈ فنکشنل مٹیریل کو بنانے کے لیے بین علومی اپروچ اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

کنوینر پروفیسر توقیر احمد نے ہند۔امریکہ ویبی نار کی رپورٹ پیش کی اور مقررین کا تعارف کرایا۔

پروفیسر نشاط ناہید، صدر، شعبہ کیمیا نے استقبالیہ خطبہ دیا۔ پروفیسر سیمی فرحت بشیر، ڈین، فیکلٹی آف نیچرل سائنز نے بحیثیت فیکلٹی ممبر اپنے خیالات کا اظہار کیا اور ڈاکٹر ناظم الجعفری، مسجل ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ کی ساخت اور اس

کی ترقی اور پھیلاؤ کے ضمن میں انتظامی امور سے متعلق اظہار خیال کیا۔

ٹیکساس اے اینڈ ایم یونیورسٹی کے پروفیسر سربجیت بنرجی اور الیونوائس انسٹی ٹیوٹ آف ٹکنالوجی، شکاگو، امریکہ کے پروفیسر۔ یوابنگ ماؤ نے جامعہ اوران کی یونیورسٹی کے درمیان اشتراک سے متعلق اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔

پروگرام کی مشترکہ کنوینیر ڈاکٹرا وفا ناریاض نے شرکا کا باقاعدہ شکریہ ادا کیا۔

ملک کے مشہور سائنس داں پروفیسر ڈی۔ ڈی۔ سرمانے مکمل خطبہ دیا اور ممتاز سائنس دانوں نے چھ کلیدی خطبے پیش کیے۔ جن مقررین نے اس موقع پر خطبے پیش کیے ان میں پروفیسر اے۔ کے۔ گانگولی، آئی آئی ٹی، دہلی، پروفیسر ارون چٹا اپادھیائے آئی آئی ٹی گوہاٹی، پروفیسر اے، کے۔ تیاگی بارس ممبئی، پروفیسر کے۔ وی۔ رامانو جاچارے، روان یونیورسٹی، پروفیسر سربجیت بنرجی ٹیکساس ایم اینڈ ایم یونیورسٹی، پروفیسر۔ یوابنگ ماؤ الیونوائس انسٹی ٹیوٹ آف ٹکنالوجی، شکاگو، امریکہ شامل ہیں۔

یو جی، پی جی اور پی ایچ ڈی طلبا کو ملا کر کُل ۱۵۴۰ شرکا نے ویبی نار اور لیکچر سریز کے لیے خود کو رجسٹر کرایا تھا۔ ویبی نار کے نشریے کے لیے سسکو۔ ویبر ورچوئل پلیٹ فارم اور یوٹیوب اسٹریمنگ کو استعمال کیا گیا تھا۔

دوروزہ ویبی نار کا الوداعی خطبہ پروفیسر اے۔ کے گانگولی اور پروفیسر کے۔ وی۔ رامانو جاچارے نے پیش کیا۔ انھوں نے کامیاب پروگرام کے انعقاد کے لیے منتظمین کو مبارک باد پیش کی۔

مؤرخہ ۳/جون سے ۹/جون تک چلنے والے سات روزہ لیکچر سیریز میں بیرونی مقررین میں پروفیسر سربجیت بنرجی اور پروفیسر یوابنگ ماؤ آلہ بنانے، توانائی کی پیداوار اور اسٹوریج کے سلسلے میں فکشنل نینومٹیریلس کے مختلف پہلوؤں پر تقریر کریں گے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی